| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 18-08-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔سیلاب نقصانات سروے بلوچستان سے شروع کیا جائے،وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔اہل بلوچستان شہداء کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھیں گے،وزیراعلیٰ | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔عام انتخابات میں بھی بھرپور کامیابی حاصل کریں گے،مولانا عبدالواسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔بارشوں سے زیادہ مالی وجانی نقصان بلوچستان میں ہوا،احسن اقبال | مشرق ودیگراخبارات |
| 5۔ریلیف سرگرمیاں جاری آبادیوں کے قریب حفاظتی بند تعمیر کئے جائینگے،صوبائی وزیر تعلیم | 92نیوز ودیگراخبارات |
| 6۔گیسٹرو کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لایا جائے گا،صوبائی وزیر | آزادی ودیگراخبارات |
| 7۔کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارارت |
| 8۔سیلاب متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔غیر معیاری خوراک کی فراہمی پر بیکنگ یونٹ سیل 29 مراکز کو جرمانہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔قلعہ سیف اللہ اسکاؤٹس کی جانب سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔سائلین کی شکایات کا بروقت ازالہ کر رہے ہیں،صوبائی محتسب | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔پاک فوج کی جانب سے لسبیلہ میں 575 تھیلے راشن اوتھل میں 172 خیمے تقسیم | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔صوبائی حکومت کی جانب سے سیلاب ریلیف اور بحالی فنڈ مینجمنٹ کمیٹی کی تشکیل | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔سیلاب زدگان علاقوں میں پی ڈی ایم اے فوج اور ایف سی کی امدادی سرگرمیاں جاری | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔بلوچستان میں سیلاب متاثرین کو سانپ اور بچھو کاٹ رہے ہیں،طاہر بزنجو | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔پشین اسٹاپ سے کوئلہ پھاٹک کی طرف شاہراہ بھی کھولی جائے،جماعت اسلامی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن و امان

دکی میں تہرے قتل کی لرزہ خیز واردات بھائی نے بہن بہنوئی اور پانچ سالہ بھانجے کی جان لے لی،کوئٹہ موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،دوسرا زخمی،قلعہ عبداللہ دوڈاکو رنگے ہاتھوں گرفتار اسلحہ ومسروقہ موٹر سائیکل برآمد،خاران نامعلوم مسلح افراد طالب علم کم عمر نوجوان کو اغواء کر کے ساتھ لے گئے،سریاب روڈ پر فائرنگ سے پٹواری عبدالطیف جاں بحق،ساتھی زخمی

## عوامی مسائل

گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کردگاپ ٹیچر کا بہیمانہ تشدد،طالبہ کا ہاتھ توڑ ڈالا،تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر استانی کے خلاف کارروائی کی جائے گی،

مورخہ 18-08-2022

**ادا ریہ**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کے متاثرین بحالی صوبائی حکومت کا 35ارب روپے کا ابتدائی تخمینہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان حکومت نے صوبے میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے اور متاثرین کی بحالی کیلئے 35ارب روپے اخراجات کا تخمینہ لگایا اور یقین دلایا ہے کہ آبادکاری اور بحالی کے اتنے بڑے کام کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، بلوچستان اسمبلی نے ایک قرارداد کے ذریعے وفاق اور 50 سے 60ارب روپے کے پیکج کا مطالبہ کر دیا ہے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے درخواست کی ہے کہ تباہ کن بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے غیر معمولی نقصانات کے ازالے کیلئے ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں وزیراعظم شہباز شریف نے ہر متاثرہ خاندان کو فوری طور پر پچاس ہزار روپے کی ادائیگی کا اعلان کرتے ہوئے مشترکہ سروے کی مدت پانچ ہفتوں سے کم کر کے تین ہفتے کر دی ہے حکومت پاکستان نے سیلاب زدگان کی بحالی اور آبادکاری کیلئے عالمی مالیاتی اداروں بین الاقوامی ڈونرز سے بھی رابطے کر لئے ہیں سروے کی مدت کم کرنے کی درخواست وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کی گئی تھی جسے وفاقی حکومت نے منظور کر لیا بلوچستان میں سیلاب اور بارشوں کی تباہ کاریاں رکنے میں نہیں آ رہیں ہلاکتوں اور بے گھر ہونے والوں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے 200 کے قریب اموات کی سرکاری طور پر تصدیق ہو گئی ہے بارشوں کے نئے اسپیل نے موسیٰ خیل رکھنی، بارکھان، ڈیرہ بگٹی اور منسلک علاقوں کی لپیٹ میں لے لیا جہاں ایک ہی دن میں گیارہ اموات ہوئی ہیں، یہ قدرتی آفت ایک ایسے وقت آئی ہے جب ملک معاشی بحران سے نکلنے کیلئے سرتوڑ کوششیں کر رہا ہے، جس کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی میں ایسے چیلنج آتے رہتے ہیں پاکستانی قوم نے ہمیشہ ایسے چیلنجوں کا دلیری اور ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کیا ہے اللہ تعالیٰ کی تائید حمایت سے وہ موجودہ چیلنجوں سے بھی سرخرو ہو کر نکلے گی۔

**اداریہ**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Parliamentary commission on missing persons**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**Rains walloping Balochsitan**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان میں40لاکھ پودے لگانے کا ہدف** " کے عنوان سے افضل مغل کی رپورٹ شائع کی۔

روزنامہ 92نیوز کوئٹہ نے "**مون سون کا چوتھا اسپیل بھاری نقصانات** " کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**نصیر آباد ڈویژن میں سیلاب کی تباہ کاریاں اور حکومتی اقدامات** " کے عنوان سے اختر منگی کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Dated:                Page No. 1

1

روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعرات 18 اگست 2022ء

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

## اہل بلوچستان شہداء کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھیں گے، وزیر اعلیٰ بزنجو

**کمانڈر 12 کور سے ملاقات، شہید لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور دیگر شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور سے ملاقات کی وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہید لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور ہیلی کاپٹر حادثہ کے دیگر شہداء کے لئے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کی دعا کی، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اہل بلوچستان شہداء کی ملک وقوم اور خاص طور پر بلوچستان کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھیں گے پاک فوج اور ایف سی نے بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ ہمیشہ غیر معمولی حالات اور قدرتی آفات میں بلوچستان کے عوام کی مدد کی ہے جسکی اہل بلوچستان دل سے قدر کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے حالیہ سیلاب کے دوران سول انتظامیہ کو بھرپور معاونت کی فراہمی پر پاک فوج اور ایف سی کا شکریہ ادا کیا۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 20 شمارہ 244 | جمعرات 19 محرم الحرام، 18 اگست 2022ء، صفحات 10 قیمت 20 روپے

## اہل بلوچستان شہداء کی ملک وقوم کیلئے خدمات کو یاد رکھیں گے، وزیر اعلیٰ

**پاک فوج اور ایف سی نے صوبے میں قیام امن کے ساتھ غیر معمولی حالات میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کیا**

**قدوس بزنجو کی کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور سے ملاقات، ہیلی کاپٹر شہداء کیلئے فاتحہ خوانی، سیلابی صورتحال میں معاونت پر شکریہ ادا کیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور سے (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

ملاقات کی وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر شہید لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور ہیلی کاپٹر حادثہ کے دیگر شہداء کے لئے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کی دعا کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اہل بلوچستان شہداء کی ملک وقوم اور خاص طور سے بلوچستان کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھیں گے پاک فوج اور ایف سی نے بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ ہمیشہ غیر معمولی حالات اور قدرتی آفات میں بلوچستان کے عوام کی مدد کی ہے جسکی اہل بلوچستان دل سے قدر کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے حالیہ سیلاب کے دوران سول انتظامیہ کو بھرپور معاونت کی فراہمی پر پاک فوج اور ایف سی کا شکریہ ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 18 AUG 2022 Page No. 2


## عام انتخابات میں بھی بھرپور کامیابی حاصل کرینگے، مولانا عبدالواسع

### جمعیت نے ہر دور میں اسلام کے خلاف سازشوں کو ناکام بنایا، آغا محمود شاہ کی گفتگو

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی سید آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ پارٹی کو صوبے کی سطح پر مزید فعال کرنے کیلئے کنونشن منعقد کیے جائینگے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کو بھرپور پذیرائی ملی ہے عام انتخابات میں بھی جمعیت بلوچستان بھر میں کامیابی حاصل کرے گی رہنماؤں نے صوبائی سیکرٹریٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نے ہر دور میں اسلام کیخلاف سازشوں کو ناکام بنایا ہے پی ٹی آئی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے جو کبھی کامیاب نہیں ہوگی۔


MASHRIQ QUETTA


## بارشوں سے زیادہ مالی و جانی نقصان بلوچستان میں ہوا، احسن اقبال

### نقصانات کا اندازہ لگانے کیلئے وفاقی و صوبائی حکومتیں مشترکہ سروے کرائیں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے موسمیاتی تبدیلی کے باعث حالیہ بارشوں سے پاکستان سب سے زیادہ ........ بقیہ نمبر 24 صفحہ 9 پر

متاثر ہوا، بارشوں سے بلوچستان میں سب زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا، ماحولیاتی تبدیلی سے جہاں کم بارش ہوتی تھی اب وہاں بھی زیادہ بارشیں ہوئیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، احسن اقبال نے کہا بارشوں سے متاثرہ افراد کی مالی معاونت کر رہے ہیں، بارشوں سے متاثرہ صوبوں میں انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے کام کر رہے ہیں، سیلاب سے ہونیوالے نقصانات کا اندازہ لگانے کیلئے وفاقی و صوبائی حکومتیں مشترکہ سروے کرائیں گی، خاندانوں کو مدد فراہم کرنے میں مدد ملے گی جنہوں نے تباہی میں اپنے مکانات کھو دیئے، مستقبل میں آفات کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کیلئے موسمیاتی صورتحال کے مطابق انفراسٹرکچر بنانے کیلئے ترقیاتی شراکت داروں کے سامنے منصوبے بھی پیش کئے جائیں گے۔


Century Express Quetta


## سیلاب نقصانات سروے بلوچستان سے شروع کیا جائے: وزیراعظم

### متاثرین کو فوری مالی مدد پہنچائیں: خطاب، UAE سے میڈل ملنے پر آرمی چیف کو مبارکباد

### ترک وفد، اقوام متحدہ کوارڈینیٹر سے ملاقاتیں، شہید جنرل سرفراز علی کے اہلخانہ سے تعزیت

اسلام آباد (اے پی پی، نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی فوری مدد اور مکمل بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سیلاب سے ہونے والے (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لئے مشترکہ سروے سب سے پہلے بلوچستان میں شروع کیا جائے، حکومت متاثرین کی مدد اور بحالی کے طریقہ کار میں شفافیت یقینی بنائے گی، آخری متاثرہ شخص کو اس کا حق ملنے تک چین سے نہیں بیٹھوں گا۔ سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کے حوالے سے اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ متاثرین کو فوری مالی مدد این ڈی ایم اے کی نگرانی میں ڈیجیٹل طریقہ کار سے فراہم کی جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مشترکہ سروے 20 اگست سے شروع کر کے 22 ستمبر کو مکمل کیا جائے گا اور اس میں سیلاب کے دوران جاں بحق افراد، زخمیوں، تباہ شدہ گھروں، دکانوں، فصلوں اور ہلاک ہونے والے مویشیوں کا ڈیٹا اکٹھا کیا جائیگا۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے دی جانے والی فوری مالی امداد بائیومیٹرک کے نظام کے تحت تقسیم ہوگی جس کی نگرانی این ڈی ایم اے کرے گی۔ وزیراعظم نے ان تمام اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات بھی دیں۔ وزیراعظم سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر جولین ہارنیس نے ملاقات کی جس میں باہمی تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں پر عمل درآمد کے لیے پختہ عزم کا اعادہ کیا، جولین ہارنیس نے کورونا وائرس کی وبا سے بحالی اور پائیدار ترقی کے لئے پاکستان کی جاری کوششوں میں اقوام متحدہ کی حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم سے ترکیہ سے تعلق رکھنے والی کمپنی لیماک کے وفد نے بھی ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں اور دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور مواصلات کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں، ٹریڈ ایگریمنٹ کے بعد مشترکہ تجارت کا حجم مزید بڑھ جائیگا۔ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول موجود ہے اور ہماری حکومت تمام پروجیکٹس کی شفافیت اور بروقت تکمیل پر یقین رکھتی ہے۔ دریں اثناء وزیراعظم بلوچستان ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے والے کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی کے گھر گئے اور اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف اور وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب بھی وزیراعظم کے ساتھ تھے۔ وزیراعظم نے لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے شہداء ہمارا فخر ہیں۔ پاک فوج کے افسران و جوانوں نے اس وطن کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے سے کبھی دریغ نہیں کیا، دہشتگردوں کے خلاف جنگ ہو یا کوئی قدرتی آفت، پاک فوج کے جوان و افسران ہمیشہ قوم کے محافظ بن کر میدان میں اترے ہیں، مجھ سمیت پوری قوم اپنے شہداء کی ان قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم نے پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ کو متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زید النہیان کی طرف سے آرڈر آف دی یونین میڈل ملنے پر مبارکباد دی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ یہ پاکستان کیلئے بھی ایک اعزاز ہے۔ دونوں برادر ممالک کے مابین تعلقات مضبوط سے مضبوط تر ہوئے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 1 Dated: 18 AUG 2022 Page No. 3

صوبائی وزیر تعلیم

# ریلیف سرگرمیاں جاری، آبادیوں کے قریب حفاظتی بند تعمیر کئے جائینگے

متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ریلیف میں کمی برداشت نہیں ہوگی، کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں مزید بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا گیا، میر نصیب اللہ

ڈیمز کو مانیٹر کیا جا رہا، آبادی کو ہنگامی صورتحال میں محفوظ مقامات پر منتقلی کیلئے انتظامیہ الرٹ رہے، کلی ڈاکٹر جمعہ خان مری میں سامان کی تقسیم، گفتگو

کوہلو (نامہ نگار) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ مشکل کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، ریلیف کی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں، مزید بارشوں اور سیلابی ریلوں کے پیش نظر شہری آبادیوں کے قریب حفاظتی بند تعمیر کئے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلی ڈاکٹر جمعہ خان مری میں امدادی سامان کی تقسیم کے دوران گفتگو میں کیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو قربان مگسی، رسالدار میجر شیر محمد مری، ایکسین آبپاشی عبدالقیوم، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی خمیس کھیتران، میر دوست علی مری، میر پرویز مری و دیگر افراد موجود تھے، میر نصیب اللہ مری کا مزید کہنا تھا کہ متاثرہ افراد کو ریلیف کی فراہمی میں کوئی کمی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں مزید بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا گیا جس کے پیش نظر حفاظتی اقدامات کئے جا رہے ہیں، شہری آبادیوں کے قریب حفاظتی بندات تعمیر کئے جا رہے ہیں، ڈیموں کی صورتحال کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جا رہا ہے، ڈیموں کے قریب رہائشی آبادی کو ہنگامی صورتحال پر محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ الرٹ رہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ رابطہ سڑکیں اور قومی شاہراہیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں، وفاقی حکومت رابطہ سڑکوں کی بحالی اور قومی شاہراہوں کی تعمیر و مرمت کے لئے صوبائی حکومت کی معاونت کرے، اس موقع پر متاثرہ خاندانوں میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا جس میں خیمے، واٹر کولر، رضائی، سلیپنگ بیگز اور کوکنگ اشیا شامل تھیں۔

AZADI QUETTA

# گیسٹرو کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا، احسان شاہ

ڈی ایچ او کیچ اور ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے اور تمام بی ایچ یوز کو ادویات فراہم کرنے کی تاکید، ڈی جی ہیلتھ کو تمام سہولیات فوری پہنچانے کی سخت ہدایت

ٹیچنگ ہسپتال تربت میں علاج و معالجہ کی سہولت پہنچا دی گئی ہیں ڈی ایچ او کیچ فوری طور پر تمام علاقوں کی جامع صورت حال معلوم کر کے رپورٹ کریں تا کہ ان کو ضرورت کی تمام سہولیات فوراً پہنچا سکیں

تربت (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ نے تربت میں گیسٹرو کی صورت حال پر ایکشن لیتے ہوئے ڈی جی ہیلتھ کو تمام سہولیات فوری پہنچانے کی سخت ہدایت کر دی جبکہ ڈی ایچ او کیچ اور ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے اور تمام بی ایچ یوز کو ادویات فراہم کرنے کی تاکید بھی کی۔ صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ نے ضلع کیچ میں گیسٹرو کے فوری تدارک اور مریضوں کے علاج معالجہ کی تمام سہولیات پہنچانے کے لیے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کو ہدایات جاری کر دیں۔ سید احسان شاہ نے تربت میں گیسٹرو کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس پر فوری ایکشن لے کر ڈی جی ہیلتھ کو ضلع کیچ میں تمام سہولیات ہنگامی بنیادوں پر پہنچانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گیسٹرو کو کنٹرول کرنے کے لیے تمام سہولیات کو بروئے کار لایا جائے گا ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور بی ایچ یوز ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کر دے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت اس معاملے میں کسی طرح کی غفلت کا مظاہرہ نہیں کرے گی، اپنے عوام کو علاج کی سہولت اور وبا سے بچانا ہماری ذمہ داری ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں علاج و معالجہ کی سہولت پہنچا دی گئی ہیں جبکہ ڈی ایچ او کیچ کو کہا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر تمام علاقوں کی جامع صورت (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

حال معلوم کر کے رپورٹ کریں تا کہ ان کو ضرورت کی تمام سہولیات فوراً پہنچا سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 Dated: 18 AUG 2022 Page No. 13


## گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کردگاپ

# ٹیچر کا بہیمانہ تشدد، طالبہ کا ہاتھ توڑ ڈالا

**نویں کی "ردا" کو کمرہ جماعت کے دروازے کے پاس کھڑی ہونے پر سزا، بے ہوش ہوگئی، بچانے کیلئے معافی مانگنے پر ساتھی طالبات کو بھی مارا، کلاس میں چیخ پکار، زخمی طالبہ اسپتال منتقل**

**تمام پہلوؤں کا جائزہ لیکر استانی کیخلاف کارروائی کی جائیگی (ڈی ای او مستونگ عائشہ) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو درخواست دیں، ڈائریکٹر اسکولز واحد شاکر کا مختصر جواب، فون کاٹ دیا**

**والدین اور طالبات میں تشویش کی لہر، بچیوں کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ، اہل علاقہ کا وزیراعلیٰ بلوچستان سے طالبات پر تشدد کرنے والی استانی کے خلاف سخت ایکشن لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسکولوں میں جسمانی سزا پر پابندی کے باوجود کردگاپ میں بااثر استانی کے بہیمانہ تشدد سے طالبہ کا ہاتھ ٹوٹ گیا جس کو علاج کیلئے اسپتال منتقل کردیا گیا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور ضلع انتظامیہ کارروائی کرنے سے گریزاں ہیں، سوشل میڈیا پر خبر وائرل ہونے کے بعد محکمہ تعلیم کے حکام کو ہوش آ گیا، واقعے کے بعد والدین اور طالبات میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، بچیوں کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ ہے، اہل علاقہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ طالبات پر تشدد کرنے والی استانی کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کردگاپ کی ٹیچر نے گزشتہ روز نویں جماعت کی طالبہ "ردا" کو اس لئے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا، وہ کلاس روم کے دروازے کے پاس کھڑی تھیں، استانی کے تشدد سے طالبہ کی حالت غیر ہوگئی جس کے بعد 2 طالبات معافی مانگنے کیلئے گئیں مگر اس پاداش میں استانی نے انہیں بھی تشدد کا نشانہ بنا دیا، استانی کے تشدد سے "ردا" بے ہوش ہوگئیں جس پر کلاس کے دیگر طالبات نے رونا شروع کیا، تب استانی نے اسے چھوڑ دیا، استانی کے تشدد سے "ردا" کا ہاتھ ٹوٹ گیا، اسے بے ہوشی کی حالت میں اسپتال منتقل کردیا گیا، نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر اہل علاقہ نے روزنامہ "92 نیوز" سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ استانی کی جانب سے طالبات پر تشدد کے واقعات معمول بن گئے ہیں مگر بااثر ہونے کی وجہ سے کوئی بھی نوٹس نہیں لیتا، استانی طالبات کو طعنے بھی دیتی ہیں جو غیر اخلاقی عمل ہے، گزشتہ سال اسی استانی نے ایک طالبہ کا نام اسکول سے خارج کردیا، والدین کی جانب سے متعدد بار اپیل کرنے کے باوجود داخلہ نہیں دیا، بچی کے والد نے مجبوراً بچی کو لڑکوں کے اسکول میں داخل کیا، اہل علاقہ کے مطابق ٹیچر کی جانب سے تشدد کے بعد بیشتر لوگوں نے اپنی بچیوں کو اسکول بھیجنا بھی چھوڑ دیا، بیشتر طالبات اسکول جانے کو تیار نہیں ہیں، والدین صبح سویرے انہیں زبردستی اسکول بھیج دیتے ہیں، بلوچستان میں خواتین کی شرح تعلیم پہلے سے نہ ہونے کے برابر ہے، اسکولوں میں اس طرح طلبہ و طالبات پر تشدد اور مار پیٹ کے واقعات رونما ہونے لگے ہیں خواتین کی تعلیم کا سلسلہ رکنے کا خدشہ مزید بڑھ جائے گا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مستونگ عائشہ مگسی نے روزنامہ "92 نیوز" سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ معاملے کی تحقیقات کیلئے ٹیم نے متعلقہ اسکول کا دورہ کیا، تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے (2011ActBEEDA) کے استانی کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، روزنامہ "92 نیوز" کی جانب سے رابطہ کرنے پر ڈائریکٹر اسکولز بلوچستان واحد شاکر نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو درخواست دینے کا کہہ کر فون کاٹ دیا، بچوں پر جسمانی تشدد سے متعلق کسی نوٹیفکیشن کے بارے میں کوئی بھی جواب نہیں دیا۔

## بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کے متاثرین کی بحالی، صوبائی حکومت کا 35 ارب روپے کا ابتدائی تخمینہ

بلوچستان حکومت نے صوبے میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے اور متاثرین کی بحالی کے لئے 35 ارب روپے اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے اور یقین دلایا ہے کہ آبادکاری اور بحالی کے اتنے بڑے کام کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ بلوچستان اسمبلی نے ایک قرارداد کے ذریعے وفاق سے 50 سے 60 ارب روپے کے پیکیج کا مطالبہ کردیا ہے اور وفاقی وصوبائی حکومتوں سے درخواست کی ہے کہ تباہ کن بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے غیر معمولی نقصانات کے ازالے کے لئے ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں وزیراعظم شہباز شریف نے ہر متاثرہ خاندان کو فوری طور پر پچاس ہزار روپے کی ادائیگی کا اعلان کرتے ہوئے مشترکہ سروے کی مدت پانچ ہفتوں سے کم کر کے تین ہفتے کردی ہے۔ حکومت پاکستان نے سیلاب زدگان کی بحالی اور آبادکاری کے لئے عالمی مالیاتی اداروں، بین الاقوامی ڈونرز سے بھی رابطے کر لئے ہیں سروے کی مدت کم کرنے کی درخواست وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کی گئی تھی جسے وفاقی حکومت نے منظور کرلیا ہے۔ بلوچستان میں سیلاب اور بارشوں کی تباہ کاریاں رکنے میں نہیں آرہیں، ہلاکتوں اور بے گھر ہونے والوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ 200 کے قریب اموات کی سرکاری طور پر تصدیق ہوگئی ہے بارشوں کے نئے اسپیل نے موسیٰ خیل رکھنی، بارکھان، ڈیرہ بگٹی اور منسلک علاقوں کو لپیٹ میں لے لیا ہے۔ جہاں ایک ہی دن میں مزید گیارہ اموات ہوئی ہیں۔ بلوچستان کا عملاً باقی ملک خصوصاً سندھ سے رابطہ ایک بار پھر منقطع ہوگیا ہے متاثرین کی اکثریت تاحال عارضی رہائش گاہوں میں مقیم ہے۔ نقصانات کا حجم اتنا زیادہ ہے کہ وفاقی یا صوبائی حکومتیں تنہا اپنے وسائل سے اس کا ازالہ نہیں کرسکتیں۔ بلوچستان حکومت نے ابتدائی تخمینہ 35 ارب روپے لگایا ہے جبکہ صوبائی اسمبلی نے وفاق سے 50 سے 60 ارب روپے کا پیکج دینے کی بات کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وفاقی حکومت کو بین الاقوامی ڈونرز سے رابطہ کرنا پڑا۔ حکومت کے سامنے متاثرین کی بحالی اور آبادکاری کا بہت بڑا چیلنج درپیش ہے جبکہ وسائل محدود ہیں لیکن اطمینان بخش بات یہ ہے کہ وفاقی اور صوبائی دونوں ہی حکومتیں آبادکاری اور بحالی کے لئے پرعزم ہیں، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ کی جانب سے کی جانے والی یقین دہانیاں باعث اطمینان ہیں۔ وزیراعظم نے ہر متاثرہ خاندان کو فوری طور پر تیس ہزار کے بجائے پچاس ہزار روپے دینے کا جو فیصلہ کیا ہے وہ قابل تعریف ہے۔ مشترکہ سروے کے بعد نقصانات کی حقیقی تصویر سامنے آئے گی۔ اور امکان یہی ہے کہ 35 ارب کے ابتدائی تخمینہ پر نظر ثانی کرنا پڑے گی۔ یہ قدرتی آفت ایک ایسے وقت آئی ہے جب ملک معاشی بحران سے نکلنے کے لئے سرتوڑ کوششیں کررہا ہے، جس کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی جو پہلے ہی مشکلات کا شکار تھی مزید پریشان کن ہوگئی ہے۔ قوموں کی زندگی میں ایسے چیلنج آتے رہتے ہیں پاکستانی قوم نے ہمیشہ ایسے چیلنجوں کا دلیری اور ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کیا ہے، اللہ تعالیٰ کی تائید و حمایت سے وہ موجودہ چیلنجوں سے بھی سرخرو ہوکر نکلے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2022 Page No. 15

# Parliamentary commission on missing persons

The Balochistan cabinet has decided to constitute a high-powered parliamentary commission on the issue of missing persons. The body will be headed by the provincial home minister and include two members each from the government and the opposition. Chief Minister Balochistan has directed the summary of the commission should be submitted to him as soon as possible. The issue of missing persons is one of the core issue of Balochistan. It has been more than a decade since the issue of missing persons came into limelight. According to Voice for Baloch Missing Person (VBMP) the number of missing persons is in thousands. During past three years, through the efforts of government many missing persons were returned home. However, unfortunately the incidents of picking up people particularly youth without producing them before any court of law is still underway due to which the relatives of missing persons and other residents living in a constant fear. Earlier the government constituted a judicial commission in 2011. Justice (retd) Javed Iqbal was appointed chairman of the judicial commission mandated to trace missing persons. Though the commission traced out some missing persons, however it couldn't satisfied the relatives of missing persons. Enforced disappearance not only threatens the life and well-being of the missing, it has proved a heart- rending torture for the families and near and dear ones of the 'disappeared', whose wails and cries for news of their loved ones and pleas to try them in a court of law if they have committed any crime have gone unnoticed by the powers that be. A number of protesting women who have been holding a sit-in at GPO chowk close to Governor and Chief Minister houses for the past more than three weeks. They are demanding for the recovery of their beloveds but regrettably so far Chief Minister Balochistan could not take out time to meet them and address their grievances. The decision of constituting high powered parliamentary commission is though a good step on the part of provincial government. However, the relatives of missing persons do not seem satisfied of this decision because they have experienced the performance of commissions in tracing out missing persons. Hopefully, the concerned parliamentarian will play their due role in tracking missing persons and ending this inhumane practice which is earning a bad name for the country. Unfortunately, during past some years the wrong practices with regard to human rights not only created deep chaos and anxiety among people particularly in Balochistan and KPK have also provided an opportunity to anti-Pakistan elements to raise finger upon it.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2022 Page No. 18


# مون سون کا چوتھا اسپیل؛ بھاری نقصانات

## کابینہ نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں 15 فیصد اضافے کی باقاعدہ منظوری دے دی



خلیل احمد

رواں ہفتے کے دوران بلوچستان میں مون سون کے چوتھے اسپیل کے دوران طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال نے تباہی مچادی۔ کوہ سلیمان سے ملحقہ علاقوں میں مسلسل آٹھ سے 10 اگست تک کی طوفانی بارشوں نے موسیٰ خیل، بارکھان اور کوہلو کے اضلاع کو شدید متاثر کیا ہے۔ موسیٰ خیل کے درجنوں دیہات زیر آب آگئے جبکہ سیلابی ریلوں میں بہہ کر 9 افراد جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ جس سے صوبے بھر میں مختلف حادثات وواقعات میں جاں بحق افراد کی تعداد 200 تک جا پہنچی۔ صوبائی حکومت کہتی ہے کہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کے ازالے اور متاثرین کی بحالی کیلئے 35 ارب روپے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ محکمہ پی ڈی ایم اے کے مطابق بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے جاں بحق افراد کی تعداد روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔ موسیٰ خیل میں درگ رارہ وشم تیر ایسوت توئی سرخان محمد کوٹ، اندر پڑ اور تحصیل صدر بہت زیادہ متاثر ہوئے اور وہاں سینکڑوں افراد بے گھر ہوئے ہیں۔ کوہ سلیمان سے ملحقہ ضلع بارکھان اور کوہلو میں بھی موسلادھار بارشوں سے 100 سے زائد مکانات منہدم ہوئے جس میں وٹاکڑی، نہار کوٹ سمیت دس سے زائد یونین کونسلوں میں ہزاروں ایکڑ پر پھیلی زرعی زمین کو بھی نقصان پہنچا۔ اس سلسلے میں سروے پر آمادگی کے بعد حال ہی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں نوجوان سرکاری افسران پر مشتمل خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا جو متاثرہ اضلاع کی انتظامیہ کی مدد کرے گی تاکہ سروے کا کام جلد مکمل ہو سکے۔ گزشتہ روز صوبائی مشیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء لانگو کی جانب سے بھی ایک نیوز کانفرنس میں بتایا گیا کہ اب حالیہ مون سون کی بارشوں سے اب تک 200 افراد جاں بحق جبکہ 100 کے قریب زخمی ہوئے ہیں۔ طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال نے لگ بھگ 40 ہزار سے زائد گھروں کو نقصان پہنچایا ہے جبکہ 5 لاکھ ایکڑ رقبے پر کھڑی فصلوں کو بھی تباہ کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک ہزار سے زائد مریضوں کو فرسٹ ایڈ دے کر فارغ کیا گیا ہے ان بارشوں سے 25 پل اور 5 ڈیمز بھی مکمل طور پر ڈوب گئے جس کے پیش نظر ہم نے صوبے کے 34 اضلاع میں سے 26 میں ایمرجنسی نافذ کررکھی ہے۔ حالیہ بارشوں نے ریلوے کی پٹڑیوں کو بھی نقصان پہنچایا ہے جس سے بلوچستان سے دیگر صوبوں کو جانے والی تمام ٹرینیں معطل ہیں اور ریلوے حکام کے مطابق ٹریک کی بحالی میں ایک ہفتہ لگ سکتا ہے۔ محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے اب تک ہزاروں افراد کو خوراک خیمے اور ادویات فراہم کی گئی ہے۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے فراہم کردہ امدادی سامان انتہائی کم ہے جس کے لئے وفاقی حکومت اور ادارے بھی بڑھ چڑھ کر اپنا کردار ادا کریں تو پھر کہیں جاکر متاثرہ افراد کے دکھوں کا کچھ مداوا ہوسکتا ہے۔

گزشتہ روز بلوچستان کی صوبائی کابینہ کا بھی اس حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں کابینہ کی جانب سے سیلاب سے ہونے والی جانی ومالی نقصانات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا کابینہ نے متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی سرگرمیوں پر بھی اطمینان کا اظہار کیا اور مشترکہ ٹیموں کے ذریعے نقصانات کے سروے کے فوری آغاز اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ کابینہ نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں 15 فیصد اضافے کی باقاعدہ منظوری دیدی۔ خیال رہے کہ تنخواہوں میں اضافے کے اعلان رواں مالی سال کے بجٹ میں کیا گیا تھا جس کا اطلاق یکم جولائی 2022 سے ہوگا اور اس سے صوبائی خزانے پر سالانہ 10321.33 ملین روپے اور پینشن میں اضافے سے 3975.30 ملین روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ کابینہ نے سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کو سپیشل کورٹ/فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کے اختیارات دینے کی منظوری دے دی گئی واضح رہے کہ سیکرٹری پی ٹی اے اور آر ٹی اے کو یہ اختیارات پہلے سے قائم بلوچستان ٹرانسپورٹ فورس کے تناظر میں تفویض کئے گئے ہیں کابینہ نے اینٹی ریپ (انویسٹی گیشن اینڈ ٹرائل) ایکٹ 2021 کے تحت خصوصی جنسی جرائم انویسٹی گیشن یونٹ قائم کرنے کی منظوری دی۔ کابینہ نے ضلع شیرانی کے پانچ کلو میٹر کے شہری علاقے کو اے ایریا قرار دینے کی منظوری دی۔ اسی طرح سے کابینہ نے فیصلہ کیا کہ نئے بننے والے ضلع قلعہ عبداللہ کے شہری علاقے کو بھی اے ایریا کا درجہ دیا جائے گا۔ کابینہ نے پی ایس ڈی پی 2022-23 کی وہ تمام سکیمیں جن میں تصحیح کی ضرورت تھی میں تصحیح کی منظوری دی۔ کابینہ نے چھوٹے ڈیمز، سیلاب بندات اور زمینی تالابوں کی تعمیر کیلئے پی ایس ڈی پی کی سکیم بلڈوزر گھنٹوں کی فراہمی کیلئے مختص فنڈز میں اضافے کی منظوری بھی دی اس اقدام کا مقصد حالیہ سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کو اپنی زمینوں کی دوبارہ آبادکاری کیلئے معاونت کی فراہمی ہے۔ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ تمام مستحق زمینداروں کو بلڈوزر گھنٹوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی کابینہ نے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز سپیشل پروسیجر (آن لائن اینٹیگریشن آف بزنس) رولز 2022 پوائنٹ آف سیل کی منظوری دی۔ کابینہ کو دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ای بزنس کے تصور کے مطابق ریستورانوں، ہوٹلوں اور سیلز پوائنٹس کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ آٹومیٹڈ نظام سے منسلک کیا جائے گا۔ کابینہ نے بلوچستان میں کوئلے کے کان کنی کے علاقوں سے متعلق سیکورٹی اور ڈویلپمنٹ کے ڈرافٹ ایگریمنٹ کے حوالے سے کابینہ کی ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا جس میں مذکورہ ڈرافٹ سے متعلق اراکین کابینہ کو تفصیلی طور پر بریف کیا جائے گا۔ کابینہ نے پاسکو سے گندم کی 2 لاکھ بوری کی خریداری کی منظوری دیدی تاہم محکمہ خوراک کو پابند کیا گیا کہ گندم کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے پاسکو سے وہ گندم خریدی جائے جو پاسکو نے بلوچستان کے زمینداروں سے خریدی ہے۔ کابینہ اراکین نے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ سیلاب متاثرین کے فنڈ میں دینے کا اعلان بھی کیا اور فیصلہ کیا گیا کہ سرکاری ملازمین کی ایک دن کی تنخواہ متاثرین سیلاب فنڈز میں جمع کی جائے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے سکیورٹی امور کے حوالے سے کہا کہ صوبے میں امن وامان کا قیام اور عوام کی جان ومال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے آج تک ہونے والے تمام دھرنوں کو افہام وتفہیم کے ذریعے ختم کیا ہے اور مسنگ پرسن کا مسئلہ بھی ہم ہی حل کریں گے جس کیلئے مثبت پیشرفت ہورہی ہے اور وقت آنے پر عوام کے سامنے لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دھرنے پر بیٹھے اساتذہ کے مسئلے کا بھی جائزہ لے رہے ہیں اور ان کے مسائل ایسے نہیں کہ حل نہ ہو سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE .
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA


Bullet No.

Dated: 18 AUG 2022 Page No.

Century Express Quetta



صوبائی وزیر تعلیم نصیب اللہ مری حالیہ بارشوں سے متاثر ہونیوالے ضلع کوہلو کا دورہ کر رہے ہیں



قائمقام گورنر جان جمالی اپوزیشن لیڈر
ملک سکندر کو کتاب دے رہے ہیں